The Urdu Daily
WATTAN
وطن سرینگر

# دین اسلام میں یتیموں کے حقوق اور ان کی کفالت کا حکم

تحریر۔۔۔
مولانا قاری محمد سلمان عثمانی

**اسلام نے مسلمانوں کو یتیم بچوں کے حقوق ادا کرنے اور آن کے حقوق کی نگھبانی کرنے کی بڑی سختی سے تاکید کی ھے،اسلام ایک مکمل نظام حیات ھے، اس میں معاشرے کے ھر فرد کے حقوق کا خیال رکھا گیا ھے۔**






اللہ تعالیٰ نے کسی کو بے یار ومددگار نہیں چھوڑا۔ ہر ایک کے لیے ایسے اسباب وذرائع مہیا کردیے ہیں کہ وہ آسانی کے ساتھ اللہ کی زمین پر رہ کر اپنی زندگی کے دن گزار سکے۔ یتیم ونادار اور لاوارث بچوں کے بھی معاشرتی حقوق ہیں، ان کی مکمل کفالت ان کے حقوق کی پاسداری ہے اور اس سے منہ موڑ لینا ان کے حقوق کی پامالی ہے۔ ”یتیم“ اس نابالغ بچے کو کہا جاتا ہے کہ جس کے سر سے اس کے باپ کا سایہ اٹھ گیا ہو اور وہ شفقت پدری سے محروم ہوگیا ہو۔

قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ”ترجمہ: اور یتیموں کو آن کے مال دے دو اور اچھے مال کو خراب سے تبدیل نہ کرو، اور آن (یتیموں) کا مال اپنے مال کے ساتھ ملا کر مت کھاو! بے شک یہ بڑا گناہ ہے“ (سورہ النساء: **02**) یتیم کے حقوق پر اسلام نے بہت زور دیا ہے۔ اس کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جاسکتا ہے کہ قرآن حکیم میں تیئیس مختلف مواقع پر یتیم کا ذکر کیا گیا ہے جن میں یتیموں کے ساتھ حسن سلوک، آن کے اموال کی حفاظت اور آن کی نگہداشت کرنے کی تلقین کی گئی ہے، اور آن پر ظلم وزیادتی کرنے والے، ان کے حقوق و مال غصب کرنیوالے کے لیے وعید بیان کی گئی ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: یتیم کا مال ناحق کھانا کبیرہ گناہ اور سخت حرام ہے۔ (سورہ الدھر) افسوس کہ لوگ اس کی بھی پروا نہیں کرتے۔ عموماً یتیم بچے اپنے تایا، چچا وغیرہ کے ظلم وستم کا شکار ہوتے ہیں، انہیں اِس حوالے سے غور کرنا چاہیے۔

ارشاد ربانی ہے: جو لوگ ناحق ظلم سے یتیموں کا مال کھا جاتے ہیں، وہ اپنے پیٹ میں آگ بھر رہے ہیں اور عنقریب وہ دوزخ میں داخل کیے جائیں گے اور یتیموں کا مال (جو تمہاری تحویل میں ہو) ان کے حوالے کردو اور ان کے پاکیزہ (اور عمدہ) مال کو (اپنے ناقص اور) برے مال سے نہ بدلو اور نہ ان کا مال اپنے مال میں ملا کر کھاو کہ یہ بڑا سخت گناہ ہے (سورہ النساء) اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمان ہے اور یہ آپ سے یتیموں کے بارے میں سوال کرتے ہیں، آپ کہہ دیجیے کہ ان کی خیر خواہی کرنا بہتر ہے اور اگر تم ان کا مال اپنے مال میں ملا بھی لو تو وہ تمہارے بھائی ہیں۔

اللہ تعالیٰ بدنیت اور نیک نیت ہر ایک کو خوب جانتا ہے، اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو تمہیں مشقت میں ڈال دیتا، یقیناً اللہ غالب اور حکمت والا ہے (سورہ البقرہ **220**) جس کے زیر سایہ کوئی یتیم ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اس یتیم کی اچھی پرورش کرے، احادیث میں یتیم کی پرورش اور اس سے حسن سلوک کے بے شمار فضائل بیان کئے گئے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے، امام الانبیاءؑ نے ارشاد فرمایا: ”جس نے مسلمانوں کے کسی یتیم بچے کے کھانے پینے کی ذمہ داری لی، اللہ تعالیٰ اللہ سے جنت میں داخل فرمائے گا۔

(جامع ترمذی) رسول اکرم ﷺ نے تو یتیم کی کفالت کرنے کو جنت میں اپنے ساتھ ہونے کی بشارت سے نوازا ہے کہ وہ جنت میں آپ ﷺ کے ساتھ ہوگا۔ حضرت سہل بن سعدؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ’میں اور یتیم کی کفالت کرنیوالا جنت میں اس طرح ہوں گے اور آپ ﷺ نے اپنی انگشت شہادت اور درمیان والی انگلی کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ کر کے اشارہ کیا (صحیح بخاری) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور اکرم ﷺ سے اپنے دل کی سختی کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا کہ ”یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کرو اور مسکین کو کھانا کھلایا کرو“ (مسند احمد: **7577**) حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے اپنے دل کی سختی کی شکایت کی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارا دل نرم ہوجائے تو تم یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کرو اور اسے کھلایا کرو“ (السنن الکبریٰ للبیہقی: **7095**) حضرت بشیر بن عقربہ جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جنگ آحد کے دن میری حضور اکرم ﷺ سے ملاقات ہوئی، میں نے پوچھا میرے والد کا کیا ہوا؟“ حضور ﷺ نے فرمایا ”وہ تو شہید ہوگئے، اللہ تعالیٰ آن پر رحم فرمائے۔“

میں یہ سن کر رونے لگ پڑا۔ حضور نے مجھے پکڑ کر میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور مجھے اپنے ساتھ اپنی سواری پر سوار کرلیا اور فرمایا کہ ”کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ میں تمہارا باپ بن جاوں اور عائشہ تمہاری ماں“ (شعب الایمان للبیہقی: **10533**) حضرت آم سعید بنت مرہ الفہری رضی اللہ عنہا اپنے والد سے روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ”میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا شخص جنت میں اِس طرح ہوں گے۔

اس کے بعد آپ نے درمیان والی انگلی اور شہادت والی آنگلی سے اشارہ فرمایا“ (مسند الحمیدی: **861**) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ”مسلمانوں کا سب سے اچھا گھر وہ ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور آس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جاتا ہو اور سب سے برا گھر وہ ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور آس کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا ہو، میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اِس طرح ہوں گے اور آپ نے اپنی دو انگلیوں سے اشارہ فرمایا“ (الزہد والرقائق لابن المبارک: **654**) آج ہمارے اس معاشرے میں یتیموں کو تنقید کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، اور ان کو ایک کم تر تصور کیا جاتا ہے حالانکہ اسلام نے یتیموں کے بے پناہ حقوق متعین کئے ہیں، اور آج کل یتیموں کے ساتھ ظلم وستم اور حق تلفی کا بازار گرم ہے۔

دنیا کو حاصل کرنے کی خواہش نے انسان کو اندھا کر دیا ہے حتیٰ کہ وہ خونی رشتوں کو بھی بھلا بیٹھا ہے۔ یتیم ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہیں، کوئی ان کا پرسان حال نہیں رہتا ان کی جائیداد پر قبضہ کرلیا جاتا ہے جو کہ انتہائی نامناسب کام ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سب گھروں میں باعزت وہ گھر ہے جس میں یتیم کی عزت ہو (ترمذی **456** جلد **2**) عید کے موقع پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یتیم بچے کو پریشان حال دیکھا تو اسے اپنے گھر لے آئے اور فرمایا کیا تو اس بات پر راضی نہیں ہے کہ میں محمد ﷺ باپ بن جاوں اور حضرت عائشہؓ تیری ماں بن جائے۔

یتیموں کے مال کی حفاظت کے بارے میں اللہ قرآن میں ارشاد فرماتا ہے۔ ”اور یتیموں کی پرورش کرتے رہو، حتیٰ کہ وہ بالغ ہوجائیں۔ پس اگر تم ان میں عقل مندی دیکھو، تو ان کے مال ان کے سپرد کر دو اور اسے فضول خرچی کے ذریعے نہ کھاو اور نہ ہی جلد بازی میں آڑا لے جاو کہ وہ بڑے ہوکر اپنا مال تم سے واپس لے لیں گے اور جو غنی ہو، وہ اس سے بچے، اور جو ضرورت مند ہو، اسے چاہیے مناسب طریقے سے ان کے مال کو مصرف میں لائے۔ پھر جب ان کا مال ان کے حوالے کرنے لگو، تو اس پر گواہ بنالو اور اللہ حساب لینے والا کافی ہے“ (سورہ النساء) سورہ النساء ہی میں ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ ”یتیموں کا مال ان کو واپس دو، اچھے مال کو برے مال سے نہ بدلو، اور ان کا مال اپنے مال کے ساتھ ملا کر نہ کھاو یہ بہت بڑا گناہ ہے۔“ سورہ انعام میں اللہ حکم دیتا ہے ”اور یتیموں کے مال کے قریب نہ جاو، مگر ایسے طریقے سے، جو احسن ہو، یہاں تک کہ وہ جوان ہوجائے۔“ یتیموں کے ساتھ بدسلوکی کرنے والوں کو سخت ترین عذاب کا مستحق قرار دیا گیا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”بہترین گھر وہ ہے، جہاں یتیم ہو اور اس کے ساتھ نیکی کی جاتی ہو اور بدترین گھر وہ ہے، جہاں یتیم ہو اور اس کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا ہو۔“ (ابن ماجہ) قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے، ترجمہ: ”نہیں، بلکہ تم لوگ یتیموں کی عزت نہیں کرتے۔“ یعنی ان کے ساتھ وہ حسن سلوک نہیں کرتے، جس کے وہ مستحق ہیں۔“ سورہ الماعون میں اللہ فرماتا ہے۔ ترجمہ: ”یہ وہی (بدبخت) ہے، جو یتیم کو دھکے دیتا ہے“ سورہ الضحیٰ میں اللہ تعالیٰ تنبیہ فرماتے ہیں ”تو تم بھی یتیم پر سختی نہ کیا کرو“ بلکہ اس کے ساتھ نرمی اور احسان کا معاملہ کیا کرو۔“ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے ”جو لوگ ناحق ظلم سے یتیموں کا مال کھا جاتے ہیں، وہ اپنے پیٹ میں آگ ہی بھر رہے ہیں اور عنقریب وہ دوزخ میں جائیں گے۔“ (النساء) اسی حوالے سے سورہ بنی اسرائیل میں اللہ رب العزت حکم فرماتا ہے ”اور یتیم کے مال کے قریب بھی نہ جاو، بجز اس طریقے کے، جو بہت ہی بہتر ہو۔

یہاں تک کہ وہ اپنی بلوغت کو پہنچ جائے، اور وعدے پورے کرو، کیوں کہ قول وقرار کی بازپرس ہونے والی ہے۔“ جب یتیموں کا مال ظلماً کھانے والوں کے لیے وعید نازل ہوئی، تو صحابہ کرامؓ اس بات پر خوف زدہ ہوکر کہ کہیں وہ بھی اس وعید کے مستحق قرار نہ دے دیئے جائیں، یتیموں کی ہر چیز الگ کر دی، حتیٰ کہ کھانے پینے کی کوئی چیز بچ جاتی، تو اسے بھی استعمال نہ کرتے اور وہ خراب ہوجاتی۔ اسلام نے ہر صاحب حیثیت فرد پر لازم قرار دیا ہے کہ اپنے جائز مال میں سے یتیموں کی مالی امداد کرتے رہو۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ ”اور مال سے محبت کے باوجود، قرابت داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، سائلوں اور غلام آزاد کرنے میں خرچ کرو۔“ (سورہ البقرہ) جب کہ سورہ انفال میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ ”اور جان لو کہ جو کچھ مالِ غنیمت سے حاصل ہو، تو اس میں سے پانچواں حصہ اللہ کا، اس کے رسول اللہ ﷺ کا، قریبی رشتے داروں کا، یتیموں کا، مسکینوں کا اور مسافروں کا ہے۔“ سورہ الحشر میں اللہ فرماتا ہے ”جو مال اللہ نے اپنے پیغمبر کو بستیوں والوں سے دلوایا ہے، وہ اللہ کے، اور پیغمبر کے، اور رشتے داروں کے، اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے، تاکہ وہ مال تمہارے دولت مندوں کے درمیان گردش نہ کرتا رہے۔“ اسی طرح یتیم بچے، بچیوں کے سرپرستوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ پرورش وکفالت کے بعد ان کی بہتر اور مناسب جگہ شادی کا اہتمام کریں، خصوصاً یتیم بچیوں کی شادی کرنا یا ان کی شادی کے سلسلے میں کسی بھی قسم کی مدد فراہم کرنا بڑے اجر وثواب کا کام ہے۔

خوش قسمت ہیں وہ لوگ، جو یتیموں کے ساتھ پیار و محبت اور بہترین سلوک کر کے اس عمل کو اپنے لیے جنت کے حصول کا ذریعہ بناتے ہیں۔ یاد رکھیے! یتیم کی آہیں اور بددعائیں عرش بھی ہلا دیتی ہیں۔ روزِ قیامت ہم سب کو اللہ کے حضور ڈھائے گئے ظلم وجبر کا حساب دینا ہوگا۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے اپنے دل کی سختی کی شکایت کی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارا دل نرم ہوجائے تو تم یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کرو اور اسے کھلایا کرو!“ (السنن الکبریٰ للبیہقی: **7095**) ان تمام قرآنی آیات و احادیث سے ثابت ہوگیا کہ یتیم کے حقوق کیا ہیں؟

**جھاں ھم معاشرے میں دیگر امور کی طرف توجه کرتے ھیں، اپنی روزمرہ زندگی گزارنے میں اپنا وقت گزارتے ھیں وھاں معاشرے یتیم کی جانب دیکھنا بھی ھماری زندگی کا حصه ھے وہ ھماری امداد،محبت،پیار کے منتظر ھوتے ھیں،خواہ وہ اپنے رشته دار ھوں یا اھل محله یا کھیں بھی رھتے ھوں،ان کا مداوا کرنا صاحب حیثیت کی ذمه داری ھے، بھرحال ھمیں ھر حال میں ان امور کی جانب توجه کرتے ھوئے یتیم کے حقوق کا خیال بھی رکھنا ھو گا۔ الله تعالیٰ ھم سب کو عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔**

وطن سرینگر

## وجودزن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ

صنف نازک کے بارے میں شاعر مشرق علامہ اقبالؒ نے فرمایا کہ "وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ"

لیکن تصویرِ ناتمام میں بھی تو رنگ بھرا جا سکتا ہے اور اگر خوبصورتی سے بھرا جائے تو ادھوری تصویر بھی اچھی لگتی ہے۔ ویسے کائنات کے حُسن کو دیکھ کر لگتا ہے کہ اس کے حُسن و جمال کو خواتین نے چار چاند لگائے ہیں۔ یہ عام مشاہدے کی بات ہے کہ خواتین رنگوں کے انتخاب اور امتزاج میں مردوں سے کئی گنا آگے ہیں۔ اگر ملبوسات کے رنگوں کی بات کی جائے تو مرد اپنے لباس کیلئے چند ہی رنگوں کو اپنا سکے ہیں جبکہ خواتین کے ملبوسات میں رنگوں کی ایک حَسین اور وسیع دنیا نظر آتی ہے۔ اس کے باوجود ہم بلا خوفِ تردید کہہ سکتے ہیں کہ تصویرِ کائنات اور روزگارِ حیات میں مرد وزن دونوں کا حصہ ہے اور ان میں اکیلے کوئی صنف نہ دنیا کا بوجھ اٹھا سکتی اور نہ زندگی کی گاڑی چلا سکتی ہے۔

مشہور مقولہ ہے کہ مرد اور عورت ایک گاڑی کے دو پہیئے ہیں۔ اگر دونوں پہیئے ساتھ دیں تو گاڑی چلے گی ورنہ رُک جائے گی یا رُک رُک کر چلے گی لیکن سوال یہ ہے کہ یہ گاڑی کونسی ہے؟ دو پہیوں والی گاڑی تو سائیکل یا موٹر سائیکل ہی ہو سکتی ہے۔

ویسے تو رکشے کے بھی تین پہیئے ہوتے ہیں اور عام گاڑیوں کے کم از کم چار ہوتے ہیں اور جن گاڑیوں کے چار پہیئے ایک ساتھ چل سکتے ہیں یعنی فور وھیلر وہ مضبوط گاڑیاں ہوتی ہیں۔ ہر طرح کے دشوار گزار راستوں پر کیچڑ میں، چڑھائی اور پہاڑوں پر چڑھنے کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ محاورہ اتنا پرانا ہو کہ انسان نے ابھی بیل گاڑی ہی ایجاد کی ہو۔ جو بھی ہے، بات دو پہیوں اور چار پہیوں کی گاڑی کی نہیں۔

بات زندگی کی گاڑی کی ہے جسے مرد اور عورت دونوں ساتھ کھینچتے ہیں تو زندگی رواں دواں رہتی ہے۔ اسی طرح تصویر کائنات میں رنگ کی بات بھی محاورتاً کی جاتی ہے۔ علامہ اقبال کے شعر کا دوسرا مصرع بھی ملاحظہ کیجئے، کتنی معنی خیز بات کی ہے:

وجودزن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ<br>
اِسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوزِ دروں

ہمارے گرد وپیش اور معاشرے میں جو نرمی، حلاوت، خوش گفتاری، برداشت، صبر اور قربانی جیسے خوبصورت جذبے ہیں ان میں خواتین کا ایک بڑا اور اہم حصہ ہے۔ تاریخ کے مطالعے سے واضح ہوتا ہے کہ جن معاشروں میں خواتین کا کردار اہم اور نمایاں ہوتا ھے وہاں پر تشدد اور انتہا پسندی کو بہت ہی پنپنے کا موقع ملتا ھے۔ عورت اگر ماں ہے تو جنت اس کے قدموں تلے ھے اگر بیوی کے روپ میں ھے تو راحت کی روانی ہے اگر بہن کی صورت میں ہے تو غیرت کا مجسمہ اور اگر بیٹی کی شکل میں ہے تو رحمت ہی رحمت ہوتی ہے۔ غرض عورت کائنات کا وہ جز ہے جس نے تخلیق کو مکمل کیا۔

کیا ہم نے کبھی سوچا کہ ہم جس صنف کو فقط حسن کی علامت مان رہے ہیں اور دل ربائی اور ستائشی القابات کے نازیبا القابات سے نواز رہے ہیں تو کیا یہ عورت آپ کے لئے فقط ایک عورت ہی ہے؟ نہیں، یہ فقط عورت نہیں بلکہ اس سے جڑے کئی مقدس رشتے آپ سے جڑے ہوئے ہیں جو پاکیزگی کی مثال ہیں۔

# نوجوانوں میں بڑھتا ڈپریشن: ایک سنگین مسئلہ



سعدیہ ثنا
پونچھ

آج کے دور میں بے روزگاری اور ڈپریشن دو سنگین مسائل بن چکے ہیں، جس سے معاشرے کے مختلف طبقات خصوصاً نوجوان سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ بے روزگاری کی وجہ سے لوگوں کی زندگیوں میں عدم تحفظ اور مایوسی کا احساس بڑھتا جا رہا ہے جس کے بالآخر ذہنی صحت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ ڈپریشن ایک ایسی بیماری ہے جس کو آئے روز نوجوان نسل میں بڑھتا ہوا دیکھا جا رہا ہے۔ اس کی وجہ سے انسانی سکون تباہ و برباد ہو رہا ہے۔ موجودہ معاشرے میں ایسا کوئی بھی گھر نہیں جو اس بیماری سے بچا ہوا ہے۔ ماہرین اس بیماری کی بہت سی وجوہات بتاتے ہیں۔ ایک تو آج کل کی نوجوان نسل کو دماغی سکون میسر نہیں ہوتا دوسرے نیند مکمل نہیں ہوتی ہے جبکہ کچھ لوگ زندگی میں ناکامی کی وجہ سے اس بیماری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ملک کے دیگر علاقوں کی طرح جموں کشمیر کے سرحدی علاقہ پونچھ کے نوجوان بھی اس کا شکار ہو رہے ہیں۔ اس سلسلے میں پونچھ کے سماجی کارکن سید انیس الحق کہتے ہیں کہ طبی نقطہ نظر سے ہٹ کر اگر ہم اسے سماجی مسئلہ کے طور پر دیکھیں تو اس کے کئی پہلو سامنے آتے ہیں۔ اس میں نوجوانوں کو روزگار فراہم نہیں ہونا سب سے اہم ہے۔ بے روزگاری جموں کشمیر کا ایک اہم مسئلہ ہے جس کی وجہ سے نوجوان نسل اس بیماری کا تیزی سے شکار ہو رہی ہیں۔ ایک جانب انہیں روزگار کی فکر ہوتی ہے تو دوسری جانب سماج اور اہل خانہ کو ان سے کئی طرح کی امیدیں وابستہ ہو جاتی ہیں۔ انہیں امید ہوتی ہے کہ ان کا لڑکا اعلیٰ تعلیم حاصل کر اچھی نوکری کرے گا اور اس سے ان کی غربت دور ہو جائے گی۔ لیکن جب ایسا نہیں ہوتا ہے تو وہ لڑکے کو ناکارہ سمجھنے لگتے ہیں اور اس کے ساتھ بہتر سلوک کرنے اور اس کا حوصلہ بڑھانے کے بجائے اسے طعنہ دینے لگتے ہیں، جس کی وجہ سے وہ نوجوان اپنا حوصلہ کھونے لگتا ہے اور ڈپریشن کا شکار ہو جاتا ہے۔

دراصل ڈپریشن کی ایک اہم وجہ بے روزگاری ہے۔ مسلسل نوکریوں کی کمی کی وجہ سے بے روزگاری عروج پر پہنچتی جا رہی ہے۔ تعلیم اور ہنر کے باوجود نوجوانوں کو ان کے لائق ملازمتیں نہیں مل پا رہی ہیں۔ مزید برآں، معاشی کساد بازاری اور تکنیکی تبدیلی بھی بے روزگاری کی ایک بڑی وجہ ہے۔ جوں جوں مشینوں اور ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھ رہا ہے، انسانی محنت کی ضرورت کم ہو رہی ہے، جس کی وجہ سے بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انیس کہتے ہیں کہ "ہمارے سماج میں جو ایک اور اہم مسئلہ ہے وہ یہ ہے کہ ہم دوسروں کو جج کرتے ہیں اور دوسروں کے مطابق زندگی جینے کا سوچتے ہیں۔ جو ایک آسان بات نہیں ہوتی ہے۔ ہر ایک کی زندگی اپنی زندگی ہوتی ہے اور اسی کے مطابق اس کی اپنی پہچان ہوتی ہے۔ خدا نے ہمیں ایک مکمل انسان بنایا ہے پھر کیوں ہم دوسروں کے جیسا بننا چاہتے ہیں؟ اس طرح ہم اپنا ہی سکون برباد کر دیتے ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ آج کل معاشرے میں پڑھے لکھے نوجوان سب سے زیادہ اس بیماری کا شکار ہو رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ بے روزگاری کا سب سے زیادہ اثر انسان کے ذہنی صحت پر پڑتا ہے۔ جب کسی شخص کو طویل عرصے تک نوکری نہیں ملتی تو وہ مایوسی، پریشانی اور ڈپریشن جیسے ذہنی مسائل کا شکار ہو جاتا ہے۔ اسے اپنے مستقبل کے بارے میں بے یقینی کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس سے اس کی ذہنی حالت مزید خراب ہو جاتی ہے۔

**32** سالہ وسیم اقبال نے جغرفی میں دہلی کی جامعہ ملیہ اسلامیہ یونیورسٹی سے ایم اے اور ساتھ میں نیٹ کی ڈگری بھی حاصل کی ہے۔ اتنے بڑے امتحانات پاس کرنے کے باوجود وہ لگاتار جموں کشمیر پبلک سروس کمیشن کے امتحانات کے لیے جدوجہد میں لگے ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ہمارے اپنے مضمون میں اگر کوئی آسامی (پوسٹ) آتی ہے تو محض دو سے چار ہی ہوتی ہیں۔ جبکہ ان آسامیوں کے لئے اپلائی کرنے والوں کی تعداد ہزاروں میں ہوتی ہے۔ ایسے میں ہم کیا کریں؟ گھر والوں کی امیدیں ہم سے وابستہ ہیں۔ آخر کب تک نوکری کے انتظار میں بیٹھیں گے؟ اتنا پڑھ لکھ کر آج ہم ڈپریشن جیسی بیماری کا شکار ہوتے جا رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ **2019** سے بھی پہلے ہم نے فارم بھرے تھے لیکن آج تک ان کا امتحانات کا اتا پتہ نہیں ہے۔ بس ہم امید لگائے بیٹھے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اس معاملے میں وہ اکیلے نہیں ہیں بلکہ ان کے جیسے کئی نوجوانوں کا مستقبل داؤں پر لگا ہوا ہے۔

ایک طالبہ جتنا کماری بتاتی ہیں کہ انہوں نے سینٹرل یونیورسٹی جموں سے ایم اے پبلک ایڈمنسٹریشن کے بعد نیٹ کا امتحان پاس کیا اور پھر جے این یو سے پی ایچ ڈی مکمل کی۔ اس کے بعد کافی جدوجہد کر انہیں پنجاب کے آدم پور کالج میں ایڈھاک پر دو سال کام کرنے کا موقع ملا۔ ان کا کہنا ہے کہ اتنی ڈگریاں حاصل کر کے ہمیں اپنا مستقبل کہیں نظر نہیں آتا ہے۔ حال ہی میں جموں یونیورسٹی میں ہمارے مضمون سے جڑے پرائیویٹ پروفیسر کے لیے صرف دو پوسٹیں آئی تھیں جس کے لئے ساٹھ سے زیادہ کینڈیڈیٹ نے اپلائی کیا تھا۔ اتنی محنت مشقت کے ساتھ میں نے یہ سب ڈگریاں حاصل کیں کہ آنے والی نسل اس مضمون کی اہمیت کو سمجھ سکے اور اس مضمون کا بھی ایک اپنا ڈیپارٹمنٹ ہو۔ لیکن اب مجھ جیسے کئی نوجوان اس میں ایم اے نیٹ اور پی ایچ ڈی کر کے مستقل ملازمت کے انتظار میں بیٹھے ہیں۔ ایسے میں ہم احساس کمتری کا شکار ہو کر ڈپریشن جیسی بیماری میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ اس سے ہمارا ذہنی سکون تباہ و برباد ہو رہا ہے۔ ماہرین بتاتے ہیں کہ ڈپریشن ایک ایسی حالت ہے جس میں انسان ہمیشہ اداس اور افسردہ رہتا ہے۔ بے روزگاری، خود اعتمادی کا فقدان، سماجی تنہائی اور معاشی دباؤ کا باعث بنتی ہے، جو ڈپریشن کو فروغ دیتی ہے۔ کئی بار لوگ اتنے مایوس ہو جاتے ہیں کہ وہ خودکشی جیسا سخت قدم اٹھانے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

اس حساس مسئلہ کا حل بھی ممکن ہے۔ حکومت کے ساتھ ساتھ معاشرے کو بے روزگاری اور ڈپریشن سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششیں کرنا ہوگی۔ سب سے پہلے جہاں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرنے ہوں گے۔ نوجوانوں کو روزگار کے لیے تربیت اور ہنرمندی کے فروغ کے پروگراموں میں حصہ لینے کی ترغیب دینا ہوگی۔ اس کے علاوہ دماغی صحت کی خدمات کو بھی قابل رسائی بنانا ہوگا تاکہ ضرورت مند لوگوں کو صحیح وقت پر مدد مل سکے۔ وہیں دوسری جانب معاشرے کو بھی نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کرنی ہوگی۔ ڈپریشن سے نمٹنے کے لیے خاندان اور دوستوں کا تعاون بہت ضروری ہے۔ معاشرے کو ایسے افراد کی نشاندہی کرنی چاہیے جو بے روزگاری کی وجہ سے ذہنی مسائل کا شکار ہیں اور انہیں ذہنی اور جذباتی مدد فراہم کریں۔ مزید برآں، مراقبہ، یوگا اور دیگر ذہنی صحت کے طریقے بھی ڈپریشن سے نمٹنے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ بے روزگاری اور ڈپریشن کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے۔ اس لیے ان دونوں مسائل کا حل معاشرے کے ہر طبقے کی شراکت سے ہی ممکن ہے۔ اگر ہم سب مل کر اس سمت میں کوششیں کریں تو ہم بے روزگاری اور ڈپریشن دونوں سے مؤثر طریقے سے نمٹ سکتے ہیں۔

## مفت کھانا اور 'جان لیوا نشہ آور ٹافیاں':

# وہ گمنام عطیہ جس نے نیوزی لینڈ میں ہلچل مچادی

فان وانگ
عہدہ، بی بی سی نیوز

نیوزی لینڈ کے ایک شہر میں جب ایک خیراتی ادارے کے اراکین نے لوگوں میں کھانا تقسیم کیا تو وہ اس بات سے انجان تھے کہ اس کھانے کے ساتھ ایسی ٹافیاں دی جا رہی ہیں جو جان لیوا ثابت ہو سکتی ہیں۔ نیوزی لینڈ میں کھانے کے ساتھ فراہم کردہ 'جان لیوا حد تک نشہ آور' ٹافیاں اب پولیس کے لیے ایک معمہ بن چکی ہیں۔ یہ ٹافیاں 'آکلینڈ سٹی مشن' نامی ایک خیراتی تنظیم نے کھانے کے ساتھ تقسیم کی تھیں اور گمان کیا جاتا ہے کہ یہ تقریباً **400** افراد تک پہنچ چکی ہیں۔ خیراتی ادارے کا کہنا ہے کہ یہ ٹافیاں کسی انجان شخص نے بطور عطیہ بھیجی تھیں اور یہ ایک ڈبے میں بند تھیں۔ اب تک ایک بچے سمیت تین افراد کی طبعیت یہ ٹافیاں کھانے کے بعد بگڑ گئی تاہم انھیں ابتدائی طبی علاج کے بعد گھر بھیج دیا گیا۔

خیراتی تنظیم کے ترجمان نے بی بی سی کو بتایا ہے کہ وہ اس بات سے انجان تھے کہ ان ٹافیوں میں میتھامفیٹامین نامی نشہ موجود ہے۔ نیوزی لینڈ ڈرگ فاؤنڈیشن کے اندازے کے مطابق نشے کی ملاوٹ کی وجہ سے ہر ٹافی کی قیمت تقریباً **600** ڈالر تک کی ہے یعنی پاکستانی کرنسی کے حساب سے دیکھا جائے تو ایک ٹافی ایک لاکھ **60** ہزار روپے سے زیادہ مالیت کی تھی جسے مفت تقسیم کیا گیا۔ پولیس کا ماننا ہے کہ 'یہ پورا معاملہ سوچا سمجھا منصوبہ نہیں بلکہ غیر ارادی ہو سکتا ہے کیوں کہ فی الحال وہ کسی نتیجے پر نہیں پہنچے۔' یاد رہے کہ اس معاملے کے بارے میں حکام کو خیراتی ادارے نے ہی مطلع کیا جب کھانے کی تقسیم کے بعد چند افراد نے شکایت کی کہ ان ٹافیوں کا ذائقہ 'عجیب سا' ہے۔

آکلینڈ سٹی مشن کی چیف ایگزیکٹو ہیلین رابنسن کے مطابق خیراتی ادارے کے چند اراکین نے خود ان ٹافیوں کو کھایا اور پھر وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ شکایات درست ہیں کیوں کہ بعد میں ان کو بھی عجیب احساسات کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کے بعد ان ٹافیوں کو نیوزی لینڈ ڈرگ فاؤنڈیشن بھیجا گیا جہاں ٹیسٹ کے نتیجے میں تصدیق ہوئی کہ ان میں ممکنہ طور پر جان لیوا حد تک میتھامفیٹامین کی ملاوٹ کی گئی تھی۔ ایک بیان میں ادارے کی جانب سے کہا گیا کہ 'ایک ٹافی میں تین گرام میتھامفیٹامین موجود تھی۔ عام طور پر **10** سے **25** ملی گرام میتھامفیٹامین کی مقدار ایک وقت میں لی جاتی ہے یعنی ایک ٹافی میں اس سے **300** گنا زیادہ خوراک شامل تھی۔'

سارہ ہیلم، جو نیوزی لینڈ ڈرگ فاؤنڈیشن کی سربراہ ہیں، کا کہنا ہے کہ 'اتنی زیادہ مقدار میں یہ نشہ انتہائی خطرناک ہوتا ہے اور اس کے نتیجے میں موت واقع ہو سکتی ہے۔ میتھامفیٹامین کی وجہ سے چھاتی میں درد، جسم کے درجہ حرارت میں خطرناک حد تک کمی، بیہوشی اور دل کی دھڑکن تیز ہو سکتی ہے۔' ہیلین رابنسن کا کہنا ہے کہ ان کا خیراتی ادارہ سالانہ **50** ہزار خوراک کے پارسل تقسیم کرتا ہے جس میں صرف کمرشل کھانا ہی شامل کیا جاتا ہے۔ پولیس نے عام لوگوں سے کہا ہے کہ جس کسی کے پاس بھی ایسی مخصوص پیلے رنگ کے کاغذ میں لپٹی ٹافیاں موجود ہیں ان سے رابطہ کریں۔ پولیس ڈیٹیکٹیو انسپکٹر گلین بالڈون نے بدھ کے دن ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ 'ضرورت اس بات کی ہے کہ عوام کو ان ٹافیوں اور ان سے جڑے خطرات کے بارے میں علم ہو۔' انھوں نے کہا کہ 'خوراک میں میتھ کی ملاوٹ کے کیسز پہلے بھی رونما ہو چکے ہیں اور وہ اس معاملے پر انٹرپول کی مدد سے تفتیش کرنا چاہتے ہیں جس میں وقت لگ سکتا ہے۔'

ملائیشیا کی کمپنی، رنڈا، جس کی تیار کردہ مصنوعات یعنی ٹافیوں میں ملاوٹ کی گئی، نے بی بی سی نیوز کو بتایا ہے کہ وہ اس معاملے سے باخبر ہیں اور کسی قسم کا نشہ استعمال نہیں کرتی۔ ایک بیان میں کمپنی نے کہا ہے کہ وہ متعلقہ حکام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کام کریں گے اور اپنے برینڈ کا نام محفوظ بنائیں گے۔ کمپنی کے جنرل مینیجر سٹیون پی نے مقامی نیوز سائٹ سٹف این زی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انھوں نے جو تصاویر دیکھی ہیں ان میں ٹافیوں کا رنگ سفید نظر آ رہا تھا تاہم ان کی تیار کردہ مصنوعات کا رنگ پیلا ہوتا ہے۔ ایسے میں نیوزی لینڈ میں حکام ابھی تک **16** پیکٹ بازیاب کر چکے ہیں اور پولیس کا کہنا ہے کہ ہر پیکٹ میں **20** سے **30** ٹافیاں ہو سکتی ہیں تاہم ٹافیوں کی مجموعی تعداد کے بارے میں وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔




خیراتی ادارے کے مطابق یہ ٹافیاں جولائی کے وسط میں ان تک پہنچیں تھیں۔ نیوزی لینڈ میں ڈرگ فاؤنڈیشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر بن برکس کا ماننا ہے کہ 'کسی نے یہ جان بوجھ کر نہیں کیا کیوں کہ منشیات کو اس طرح سمگل کرنا عام ہے۔' خیراتی ادارے کا کہنا ہے کہ انھوں نے دیگر تنظیموں سے بھی رابطہ کیا ہے کہ وہ اپنے پاس موجود ٹافیوں کی چھان بین کریں۔

سنگاپور سے پیٹر ہوسکنز کی اضافی رپورٹنگ کے ساتھ

ادارہ کا مصنف کی آراء سے متفق ہونا لازمی نہیں

The Urdu Daily
WATTAN
وطن

# صحت: ''گرنا'' ضعیف العمری کا بڑا نقصان

تحریر۔۔۔رانا نسیم

**انسانی زندگی ایک ایسا قدرتی عمل ہے، جس کے مختلف مراحل ہیں، لیکن جو مرحلہ ایک بار گزر گیا وہ دوبارہ نہیں لوٹ سکتا۔ تاہم ضعیف العمری میں انسان عمومی طور پر طبی اعتبار سے مسائل کا شکار ہو سکتا ہے۔**

عمر بڑھنے سے انسانی جسم کا اندرونی نظام نہایت متاثر ہو سکتا ہے، جس میں انسان کا قلبی نظام، اعصابی نظام، نظام تنفس، معدے کا نظام، سکیلیٹل کا نظام (**Skeletal System**) و دیگر شامل ہیں، بڑھاپے میں انسانی اعضاء کی فعالیت اور کارکردگی میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔ تو ایسے میں اس کے لئے احتیاط کی ضرورت مزید بڑھ جاتی ہے کیوں کہ انسانی جسم پٹھوں اور بصارت میں کمی کے باعث عدم توازن کا شکار ہو جاتا ہے اور نتیجتاً گرنے کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔


بڑھاپے کی چوٹ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس کے نتائج بہت خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں اور بحالی کے لئے اتنا وقت درکار ہوتا ہے، جو بعض اوقات زندگی سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق امریکا میں ہر **4** میں سے ایک بڑی عمر کا فرد گرتا ہے۔

لہٰذا یہاں ہم جدید تحقیق کی روشنی میں اپنے قارئین کے لئے چند ایسے نکات پیش کرنے جا رہے ہیں، جس سے گرنے اور نتیجتاً چوٹ لگنے کے امکانات کم ہو سکتے ہیں۔ آپ گھر پر ہوں یا کسی نگہداشت کے مقام پر، گرنے سے بچاؤ کی یہ حکمت عملی آپ کے لئے نہایت مفید ثابت ہو سکتی ہے۔

توازن وقوت کے حصول کی تربیت

اگرچہ گرنے اور چوٹ لگنے کی متعدد وجوہات ہو سکتی ہیں لیکن بڑھتی عمر میں آپ کے گرنے کا زیادہ امکان ہوتا ہے، کیوں کہ جیسے جیسے آپ کی عمر بڑھتی جاتی ہے، آپ کی جسمانی صلاحیتیں کم ہوتی جاتی ہیں۔ درمیانی عمر کے بعد، پٹھوں کو بڑے پیمانے پر تقریباً **1** فیصد سالانہ نقصان ہوتا ہے، جو **80** سال کی عمر کو پہنچتے ہوئے **50** فیصد تک پہنچ جاتا ہے۔

کچھ بوڑھے بالغوں میں سارکوپینیا (**sarcopenia**) پیدا ہو جاتا ہے، یہ ایک عضلاتی حالت ہے، جس کی وجہ سے جسمانی قوت، پٹھوں کی



کارکردگی میں کمی قدرتی عمر بڑھنے کے عمل کا حصہ ہے۔ جیسے جیسے طاقت بدلتی ہے، آپ کے جسم کا استحکام بھی بدل جاتا ہے۔

آپ محسوس کر سکتے ہیں کہ آپ کا توازن خراب ہو گیا ہے، یا اگر آپ ٹھوکر کھاتے ہیں تو آپ خود کو پکڑنے سے قاصر ہیں۔ لہٰذا اگر آپ کو سارکوپینیا ہے، تو ایسے میں جسمانی اور قلبی ورزش آپ کو طاقت اور توازن کو دوبارہ حاصل کرنے یا برقرار رکھنے میں مدد دے سکتی ہے۔

معمول کے چیک اپ کو جاری رکھیں

محققین کا کہنا ہے کہ اگر آپ گرنے کے خطرے سے آگاہ ہیں، تو یہ آپ کے لئے بہت اچھا ہے کیوں کہ اس آگاہی سے آپ احتیاطی تدابیر بڑھا سکتے ہیں تو ایسے میں آپ کا معالج آپ کی بہترین رہنمائی اور مدد کر سکتا ہے۔

جیسے اگر آپ امراض قلب یا ذیابیطس کا شکار ہیں تو یہ دونوں بیماریاں آپ کے گرنے کے خطرے کو بڑھا سکتی ہیں، لیکن آپ کا معالج آپ کو یہ بتا سکتا ہے کہ آپ جو دوائیاں لے رہے ہیں۔

ان میں سے کس کس دوائی سے آپ کو چکر آ سکتے ہیں یا پٹھے کمزور ہو سکتے ہیں، اسی طرح اگر آپ بصارت میں کمی کا شکار ہو رہے ہیں تو آنکھوں کا ڈاکٹر کسی بھی نقطہ نظر کی تبدیلیوں کا جائزہ لے سکتا ہے جس سے آپ کا آگاہ ہونا ضروری ہے۔

کیوں کہ بصارت کی کمی کے باعث آپ کے پھسلنے کے خطرات بڑھ جاتے ہیں، یوں آپ جتنا اپنے معالج کے قریب ہوں گے اتنا ہی اپنی جسمانی حالت سے آگاہ ہوتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کر سکتے ہیں۔

گھر کی تزئین و آرائش میں آسان تبدیلیاں

**1950**ء سے قائم امریکی ادارے ''نیشنل کونسل آن ایجنگ'' کے مطابق بڑوں کے گرنا کا زیادہ تر امکان گھر میں ہی ہوتا ہے کیوں کہ عموی طور پر بزرگ اپنا زیادہ وقت یہاں ہی گزارتے ہیں، لہٰذا ایسے میں آپ کو اپنے گھر کی تعمیر اور تزئین و آرائش میں اس چیز کا خیال رکھنا چاہیے۔

تاہم اس کا یہ بھی ہرگز مطلب نہیں کہ آپ گھر کی تزئین و آرائش پر بہت زیادہ صرف کریں یا خود کو دباؤ کا ہی شکار کر لیں۔ جیسے گھر میں بہترین روشنی کا اہتمام کریں تا کہ آپ کے گھر کا بزرگ بینائی کی کمزوری سے پیدا ہونے والے مسائل سے کسی حد تک بچ سکیں۔

ایسے ہی گھر کی سیڑھیوں کے دونوں طرف ریلنگ لگائیں، بجلی کے آلات کو محفوظ بنائیں، حرکت یا آواز سے چلنے والی الیکٹرانکس اشیاء کا استعمال کریں، چلنے کی جگہوں کو بے ترتیبی یا غیر ضروری فرنیچر سے پاک رکھیں، قالین کو مضبوطی سے فرش پر نان سلپ پیڈ کے ساتھ جوڑیں، باتھ روم جیسی جگہوں پر سہارا حاصل کرنے کے لئے سلاخیں لگائیں تا کہ ہنگامی صورت میں ان کا سہارا لیا جا سکے۔

رات کے اوقات میں اپنے بستر کے پاس ٹارچ اور فون رکھیں، پانی اور ہلکے پھلکے کھانے کو قریب ترین اور باسہولت مقام پر رکھیں، ہر قسم کی تاروں کو راستے سے ہٹا کر بچھائیں، کھلی جگہوں پر فرنیچر کا بندوبست کریں تا کہ آپ کو سہارا مل سکے۔

نیند کو بہتر بنانا

نیند کی کمی یا خرابی صرف ضعیف العمری ہی نہیں بلکہ عمر کے کسی بھی حصے میں گرنے کے خطرات کو بڑھا دیتی ہے، کیوں کہ اس کی وجہ سے عدم توجہ اور عدم توازن کے مسائل جنم لے سکتے ہیں۔ لہٰذا نیند کو بہتر بنانا نہایت ضروری ہے، جس کے لئے درج ذیل عادات کو اپنا کر مذکورہ مقصد حاصل کیا جا سکتا ہے۔

**1.** سونے سے پہلے سکرین یا نیلی روشنی کا سامنا کرنے سے پرہیز کریں

**2.** سونے اور جاگنے کا وقت مقرر کریں اور پھر اس میں تبدیلی مت لائیں، سونے کے لئے جو وقت مقرر کیا ہے، اس پر بستر پر چلے جائیں اور مقررہ وقت پر ہی اٹھ جائیں

**3.** سونے کے کمرے میں اندھیرے اور ٹھنڈے ماحول کا اہتمام کریں

**4.** باقاعدگی سے ورزش کریں چاہے یہ اپنے گھر کے باہر ہی کیوں نہ ہو

**5.** دن کی نیند کو محدود کریں

**6.** صرف اسی صورت میں بستر پر جائیں، جب آپ تھکے ہوئے ہیں

**7.** سونے سے پہلے خود کو ریلیکس کرنے والے معمولات کو اپنائیں، جیسے کتاب پڑھنا یا مراقبہ کرنا

**8.** رات کو سونے سے پہلے کیفین، زیادہ کھانا اور الکوحل سے پرہیز کریں

ہاتھ خالی رکھنا

آپ کے ہاتھ آپ کو گرنے سے بچانے اور سیدھا رکھنے کے لیے بہترین اوزار ہیں۔ اگر آپ ٹھوکر کھاتے ہیں، تو یہ ہاتھ ہی ہیں جو استحکام کے لیے کسی چیز کو تھامنے کے لیے پہنچتے ہیں۔ جب آپ کے ہاتھ فری نہیں ہوتے ہیں، تو پھر آپ اور زمین کے درمیان کچھ نہیں ہوتا۔


لہٰذا اپنی ضروری اشیاء کو ساتھ رکھنے کے لئے ہمیشہ کسی بیگ کو اپنے ساتھ رکھیں تا کہ سارا سامان اس میں رکھ کر اسے کندھے سے لٹکا لیا جائے اور آپ کے ہاتھ خالی رہیں۔ اسی طرح اگر آپ کو سامان کی خریداری کے لئے بازار جانا پڑتا ہے تو کوشش کریں کہ آپ کو زیادہ اشیاء نہ اٹھانی پڑیں تا کہ آپ کا جسم عدم توازن کا شکار نہ ہو اور آپ کو با آسانی ہاتھوں کا سہارا بھی میسر رہے۔

معاون آلات کا استعمال کریں

**ایسے آلات کا استعمال کریں، جن سے آپ کو اضافی مدد مل سکے، جیسے چھڑی، خودکار کرسیاں، واکر اور جدید سکوٹرز وغیرہ، جن سے آپ کو ایک سے دوسری جگہ حرکت کرنے میں سہولت ہو سکتی ہے۔ ان کے علاوہ اگر آپ کو جانوروں سے پیار ہے تو آپ خدمات سرانجام دینے والے کتے بھی اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں، جو نہ صرف آپ کی حفاظت کرتے ہیں بلکہ خطرے کی صورت میں دوسروں کو پیغام پہنچانے کے علاوہ ساتھ آپ کی اٹھنے میں مدد بھی کر سکتے ہیں۔**

# صحت: ''ایک ٹانگ پر کھڑے رہنا'' کی طبی حقیقت

**تحریر۔۔۔۔۔**
**رانا نسیم**





اگرچہ یہ حقیقت ہے کہ ایک انسانی عضو کی خرابی دوسرے اعضاء کو متاثر کر سکتی ہے لیکن اس کے ساتھ انسانی جسم کی یہ خوبی بھی ہے کہ ایک عضو سے دیگر اعضاء کی خرابی کا وقت سے قبل پتہ لگایا جا سکتا ہے، اور آج کی میڈیکل سائنس نے اس میں مزید جدت حاصل کرتے ہوئے انسانی زندگی میں مزید سہولت پیدا کر دی ہے۔

آج جسم کے ایک عضو کی حرکت سے آنے والے وقت میں پیدا ہونے والی بیماری کے بارے میں معلوم کیا جا سکتا ہے، جیسے جسم کے عدم توازن سے مستقبل میں کیا کیا مسائل جنم لے سکتے ہیں وغیرہ۔ آج کی جدید ترین تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ اگر آپ صرف **10** سیکنڈ کے لئے ایک ٹانگ پر کھڑے نہیں ہو سکتے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کا جسم عدم توازن کا شکار ہے، جس سے خطرناک طبی مسائل جنم لے سکتے ہیں۔

اور عالمی ادارہ صحت کے مطابق تو ''دنیا بھر میں ایکسیڈنٹ کے بعد سب سے زیادہ لوگ حادثاتی طور پر گرنے کی وجہ سے ہلاک ہوتے ہیں'' ماضی کے مقابلے میں آج انسانوں کی جسمانی توازن قائم کرنے کی صلاحیت کم ہو گئی ہے کیوں کہ ماضی میں لوگ دن کا بیشتر حصہ چل پھر کر گزارتے تھے، لیکن اب ہم میں سے بہت سے لوگ بیٹھے بیٹھے کام کرتے ہیں۔

ہم کبھی موبائل تو کبھی ٹی وی سکرین پر نظریں گاڑے رہتے ہیں۔ مسلسل بیٹھے رہنے والے اس طرز زندگی کے سبب ہماری توازن کی صلاحیت بھی متاثر ہوئی ہے اور ہمیں اس کی قیمت ادا کرنی پڑ رہی ہے۔

جدید ترین تحقیقات کی روشنی میں صحت سے متعلق آگاہی فراہم کرنے والی معروف امریکی ویب سائٹ ہیلتھ لائن پر جاری تازہ ترین ایک ریسرچ کے مطابق عمر بڑھنے کے ساتھ ہمارے جسم میں توازن کم ہوتا جاتا ہے، **50** سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کے لیے جسم میں توازن رکھنا کچھ حد تک مشکل ہو جاتا ہے۔ عالمی ادارہ صحت کا کہنا ہے کہ جب جسم میں توازن برقرار نہیں رہتا تو خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ محققین کہتے ہیں کہ **10** سیکنڈ تک ایک ٹانگ پر کھڑے نہ ہونے سے اگلے **10** سالوں میں موت کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

نیو یارک یونیورسٹی کے شعبہ فزیکل تھراپی میں خدمات سرانجام دینے والے ایسوسی ایٹ پروفیسر انات لوبٹز کی کا کہنا ہے کہ جب ہم اپنے صحت سے متعلق ٹیسٹ کروا رہے ہوتے ہیں تو جسم میں توازن کا ٹیسٹ بھی شامل کرنا چاہیے۔

حالیہ تحقیق میں ایک ہزار **702** افراد شامل تھے، جن کی عمر **51** سے **75** سال تھیں، ان لوگوں میں تقریباً دو تہائی مرد تھے۔ محققین نے لوگوں کو ایک ٹانگ پر کھڑے ہونے کی ہدایت کی، چہرہ اور بازو سیدھے رکھنے کا کہا۔ اگر کوئی ایک ٹانگ پر کھڑا نہیں ہو پا رہا تھا تو اسے **3** بار کوشش کرنے کی اجازت بھی دی گئی تھی۔ نتائج سے معلوم ہوا کہ تقریباً **20** فیصد لوگ ایک ٹانگ پر **10** سیکنڈ تک کھڑے ہونے سے قاصر تھے۔

نتائج میں بتایا گیا کہ **51** اور **55** سال کی عمر کے درمیان **5** فیصد لوگ ایک ٹانگ پر کھڑے ہونے میں ناکام رہے۔ اس کے علاوہ **56** اور **60** سال کی عمر کے درمیان **8** فیصد لوگ، **61** اور **65** سال کے درمیان **18** فیصد لوگ، **66** سے **70** سال کی عمر کے تقریباً **37** فیصد اور **71** اور **75** سال کی عمر کے درمیان **54** فیصد لوگ ایک ٹانگ پر کھڑے نہیں ہو سکے۔

پروفیسر انات لوبٹز کی کہتے ہیں کہ عام طور پر **50** سال کی عمر کے لوگوں کو تقریباً **40** سیکنڈ تک ایک ٹانگ پر کھڑے ہونا چاہیے، **60** سال کی عمر کے لوگوں کو **20** سیکنڈ اور **70** سال کی عمر کے لوگوں کو **10** سیکنڈ تک ایک ٹانگ پر کھڑے ہونا چاہیے۔

ایک ٹانگ پر کھڑے نہ ہونے کی متعدد وجوہات ہو سکتی ہیں جن میں اعصابی بیماری، نیوروپیتھی، آرتھوپیڈک مسائل، بصارت کے مسائل، بیٹھنے کا طریقہ دیگر صحت کے مسائل شامل ہیں، اگر ایک ٹانگ پر توازن رکھنا مشکل ہو تو یہ آپ کی صحت کی خرابی کے متعلق اشارہ ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ جو لوگ ایک ٹانگ پر کھڑے نہیں ہو پائے، ان میں سے زیادہ تر لوگوں کا وزن زیادہ تھا، دل کی بیماری اور ہائی بلڈ پریشر کے شکار تھے۔

